انھیں صفحات میں آچکا ہے۔ یہ کتاب اسی نامور خاندان کی ایک اور محترمہ انیسہ ہارون خاں کا مجموعۂ کلام ہے اس مجموعہ میں آں محترمہ کا سب کلام از اول تا آخر جمع کر دیا گیا ہے جو غزلوں۔ نظموں قطعات اور رباعیوں پر مشتمل ہے لیکن لائق شاعرہ کی خصوصیتِ کلام۔ یعنی بے انتہا خلوص۔ قلبی سوز و گداز۔ عشقِ خداوندی۔ انداز بیان کی معصومانہ نسوانیت اور سادگی کے ساتھ پرکاری۔ بھولے پن کے ساتھ طرفگی، یہ تمام اشعار میں یکساں طور پر پائی جاتی ہے۔ معنوی اعتبار سے ان اشعار کے پڑھنے میں وہی لطف آتا ہے جو ہندی کے اشعار میں آتا ہے۔ کسی شعر کا سب سے بڑا وصف یہ ہے کہ وہ شاعر کی شخصیت کا آئینہ دار ہو۔ اس اعتبار سے یہ مجموعہ ہمارے ذخیرۂ ادبیات میں ایک بڑا قیمتی اضافہ ہے اور محترمہ انیسہ خاتون اس کامیابی پر ہماری طرف سے مبارک باد کی مستحق ہیں امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

سنگ میل | از جناب یعقوب عثمانی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۳۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ:۔ یوسف عثمانی صاحب محلہ گھاٹی اورنگ آباد (دکن) جناب یعقوب عثمانی اگرچہ عوامی شہرت کے شاعر نہیں ہیں لیکن مہارتِ فن اور وہبی کمالِ سخن گوئی کی وجہ سے اردو شعر وادب کے حلقہ خواص میں اپنا ایک امتیازی مرتبہ و مقام رکھتے ہیں۔ آپ کا پہلا مجموعۂ کلام شعر و نغمہ کے نام سے شائع ہوا تھا جو بڑا مقبول ہوا۔ اب یہ زیر تبصرہ کتاب اس کا دوسرا حصہ ہے اس میں نظمیں۔ غزلیں۔ قطعے سب ہی شامل ہیں۔ عثمانی صاحب کو ہر صنف سخن پر یکساں قدرت حاصل ہے۔ حسن و رفعتِ تخیل۔ ندرتِ اسلوبِ ادا۔ نغزگوئی اور ساتھ ہی برجستگی یہ موصوف کے خصوصیاتِ کلام ہیں جو ہر صنف میں قائم اور نمایاں ہیں۔ علاوہ بریں صحتِ زبان کے لحاظ سے اب اس رکھ رکھاؤ کے ساتھ شعر کہنے والے کم ہی نظر آئیں گے۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کر کے موصوف کے کمالِ فن کی داد دیں گے۔

ترانۂ جمہور | تقطیع کلاں ضخامت ۳۲ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت ۸ر پتہ: پبلیکیشنز ڈویژن منسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈکاسٹنگ اولڈ سکریٹریٹ دہلی۔